Text of Morning News Bulletin

Time 0925AM

Dated: 20 July 2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازا اختر

مون سون اجلاس

پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس آج سے شروع ہورہاہے اور یہ 13اگست تک جاری رہے گا۔25روزہ اس اجلاس میں 19 Sittings ہوں گی۔آکاشوانی کے نمائندے نے خبردی ہے کہ اجلاس کے دوران کئی اہم قوانین کوبحث اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ اس سے پہلے کل حکومت نے پارلیمنٹ
ہاو

س میں ایک کُل جماعتی میٹنگ طلب کی تھی۔ وزیردفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں منعقدہ اس میٹنگ میں 40سیاسی ۃ پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے 50سے زائد لیڈروں نے شرکت کی۔ میٹنگ کے بعد میڈیاکے ساتھ بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیرکرن رجیجو نے تمام سیاسی پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ کی احسن کارروائی کویقینی بنانے میںاپنا بھرپوررول ادا کریں۔

ایل جی مندر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل سرینگر میں تاریخی وژارناگ مندر کا دورہ کیا۔ انہوں نے استھاپن پر حاضری دیکر لوگوں کی فلاح وبہبود اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔انہوں نے وہاں شردھالووں کے ساتھ بات کی اور تجدیدی کام کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مندر سینکڑوں برسوں تک بھارت کے روحانی اور فلسفیانہ سفر کا حصہ رہاہے۔انہوں نے وژار ناگ کو بحال کرنے کے عمل کو جموں وکشمیر کے گوناگوں ثقافتی ورثے کیلئے ایک اہم قدم قرار دیا۔

ایل جی جائزہ

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل راجوری اور پونچھ میں موسلادھار بارشوں اور سیلاب کے بعد ریسکیو اور بازآبادکاری کے کام کا جائزہ لیا۔ایل جی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وہ صورتحال پر کڑی نظر گزر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنروں اور سینئر افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام متاثرہ کنبوں کو فوری طور امداد فراہم کریں اور کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایمرجنسی ٹیمیں تیار رکھیں۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کل جموںمیں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران پونچھ اور راجوری میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے پیداشدہ صورتحال کا جائزہ لیا اور جموں میں نازساگار موسم کے چلتے انتظامیہ اور دیگر محکموں کی تیاریوں کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔وزیراعلیٰ نے سیلاب کی وجہ سے جاں بحق ہوئے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا اور دیگر تمام متاثرین کے ساتھ ہمدردی اور یکجہتی ظاہر کی۔

راجوری

واضح رہے کہ راجوری اور پونچھ ضلعوں میں تیز بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے کم سے کم گیارہ افراد جاں بحق اور سات دیگر لاپتہ ہوگئے۔ آکاشوانی کے نمائندے نے خبردی ہے کہ زیادہ تر تباہی پونچھ کے سرنکوٹ تحصیل میں دیکھنے کو ملی، جہاں زیادہ تر اموات پیش آئی ہیں۔لاپتہ افراد کو ڈھونڈ نکالنے کیلئے ایک وسیع آپریشن شروع کیا گیا ہے۔

بارشیں

جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں میں آج صبح سے درمیانہ درجے سے تیزبارشوں کا سلسلہ ایک مرتبہ پھر شروع ہوا۔
بارشوں کی وجہ سے کئی
دریاو

---

ں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔کئی مقامات پر سڑکوں بارشوں کا پانی بھی جمع ہوا ہے اور لوگوں کو عبور ٖ ومرور میں دقتیں پیش آرہی ہیں۔ انتظامیہ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہے۔ مختلف ضلعوں میں لوگوں کی سہولت کیلئے کنٹرول روم قائم کئے گئے ہیں۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ خطرات والے علاقوں کی طرف جانے سے گریز کریں۔ابھرتی ہوئی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Byte Mukhtar........

ایڈوائزری

جیسے کہ پہلے ہی خبردی جاچکی ہے کہ شری امرناتھ جی یاترا کو ناسازگار موسمی حالات کے چلتے کل معطل کیا گیاکسی بھی یاتری کو جموں سے سرینگر آنے کی اجازت نہیندی گئی۔یاتریونسے کہا گیاہے کہ وہ سرکار کی طرف سے جاری ایڈوائزری پر سختی سے عمل کریں اور یاترابحال ہونے تک کسی بھی غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں۔

Runner

اجمیر راجستھان سے تعلق رکھنے والی بین الاقوامی شہرت یافتہ رنر اور گیونز بُک آف ورلڈ ریکارڈس ہولڈر صوفیہ صوفی رَن کنیاکماری solo نے کنیا کمار سے کشمیر تک 4ہزار ایک سو کلومیٹر کا رننگ ایکسپیڈیشن پورا کیا ہے۔ انہوں نے یہ سے شروع کیا اور وہ آج صبح سرینگر پہنچ گئیں۔ اس اہم کامیابی کے تعلق سے انہوں نے ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Byte........

FIFA

سپین نے فٹ بال ورلڈکپ جیت لیا ہے۔ نیوجرسی میں کل کھیلے گئے فائنل میچ میں سپین نے ارجنٹینا کو صفر کے مقابلے ایک گول کے شکست دی۔ سپین نے دوسری مرتبہ یہ ورلڈکپ جیت لیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درحرارت 24 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیاسے گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ